# THE SPIRIT

**January to March 2026**

*NEWS LETTER*




## COLONEL NAZAR EDITION

***His light still shines, not in the sky, but in the lives of every person he inspired.***

Editor : Asma Batool (English Department)

## In Memory of the Man Who Built Our Foundations



There are issues of the newsletter that we put together with a sense of routine; collecting events, compiling achievements, arranging photographs. And then there are issues that carry a weight no editorial calendar could have prepared us for.

This is one of those issues. As we compile this edition covering January to March 2026, a quarter filled with competitions, celebrations, trips, and milestones we do so with a heavy heart. The news of the passing of Colonel Nazar, a founding member of SSTPSR, cast a shadow over everything that followed. And yet, in many ways, it also cast a light, a reminder of why this institution exists, what it stands for, and who helped bring it to life.

We have chosen to dedicate this entire issue to Colonel Nazar. Not merely as a tribute, but as a reflection. Every event covered in these pages, every achievement celebrated, every young face that walked through the gates of SSTPSR this quarter, all of it is, in some way, a continuation of the dream he helped build. He may no longer be with us, but SSTPSR stands as his most enduring legacy. And as long as this institution stands, so does his memory. To his family, his friends, and all those who knew him, we share in their grief and hold him in our deepest regard.

*May Allah grant him the highest place in Jannah. Ameen.*




















## Two Days of Pure Joy; Annual Fun Fair 2026

The 18th Annual Two Days Funfair 2026 was held on January 17th and 18th, drawing a large number of visitors and leaving behind a trail of warm memories for all those who attended. This event featured an impressive lineup of rides, stalls, and activities that kept the crowd engaged and entertained throughout. The fair-grounds remained lively from morning till evening on both days, with families and visitors turning up in great numbers to be part of the celebration.



The occasion was graced by the chief guest Muhammad Asghar Memon, Special Financial Secretary of the Government of Sindh, and Syed Saleem Shah, SSP Tando Allahyar, whose attendance added significance to the event. Among the many highlights of the fair, the Bonfire Night stood out as a particularly memorable moment, drawing crowd together in a shared evening of warmth and festivity. The smooth and successful conduct of the event was made possible under the supervision of Mr. Ramzan Ali Memon, whose efforts ensured that both days were organized efficiently and ran without any disruption.







## SSTPSR Hosted 10th All Pakistan Bilingual Declamation Contest 2026

The School successfully hosted the 10th All Pakistan Bilingual Declamation Contest 2026, providing a strong platform for young speakers to demonstrate their command over both English and Urdu. A total of 21 institutions from across Pakistan participated in the event, which celebrated critical thinking, effective communication, and healthy competition among the youth.




Topian Spirit Trust Academic Campus, Rashidabad clinched the overall trophy, while students from Liaquat University of Medical and Health Sciences, Jamshoro earned the titles of Best Speaker in both the English and Urdu categories. The event reflected SSTPSR's ongoing commitment to nurturing young talent and promoting a culture of confident and articulate expression at the national level.







## SSTPSR Conducted Interview Session for Admissions 2026

The school conducted its student interview session as part of the admission process 2026, evaluating prospective students in a structured and professional environment. The sessions focused on assessing each candidate's potential, confidence, and readiness for the academic journey ahead. As the institution opens its doors to a new batch, it continues its tradition of welcoming future Yarians into its fold.










## Champion House Dinner Party Held in the Honour of Rohal House

A special dinner party was arranged to celebrate Rohal House's outstanding achievement of clinching the Falcon Trophy 2025 for excellence in curricular and co-curricular activities, earning them the title of Champion House. The celebration was a well-deserved acknowledgment of the house's collective efforts throughout the year. A significant share of this success is credited to Mr. Basit Ali, House Master of Rohal House and Mr Dil Nawaz, the AHM whose dedicated guidance and commitment proved instrumental in leading the House to this milestone.












## SSTPSR Students Shone at APSIS MUN 2026, Hyderabad

The school had much to celebrate at the Army Public School for International Studies (APSIS) Model United Nations 2026, held in Hyderabad, as our students put forward an impressive performance on a competitive stage. Representing their institution with discipline and dignity, the students demonstrated confidence, sharp critical thinking, and strong diplomatic skills throughout the event, earning recognition from judges and peers alike. Under the guidance of Mr. Mujahid Ali, the following students brought home honors for SSTPSR:




**Honorary Mentions:** Azlaan Bhatti, Daniyal Shaikh, Shoaib Shaikh

**Special Mentions:** Ali Shanawar, Taimoor Ali, Ismail Masroor

The achievement stands as a reflection of SSTPSR's commitment to holistic education, one that goes beyond the classroom to nurture leadership, global awareness, teamwork, and effective communication in its students.

## Founders Joined Special Assembly on International Day for Prevention of Extremism

SSTPSR marked the International Day for Prevention of Extremism with a special assembly, bringing together founders, students, and faculty in a meaningful observance dedicated to the values of peace, tolerance, and responsible citizenship. The occasion was graced by the visit of SM Anas and his wife Meher Jamal Anas (X-VP, SST) whose presence added significance to the event. Their visit reflected a shared commitment to the institution's founding values and the broader message of the day that extremism in all its forms must be recognized, resisted, and replaced with dialogue, understanding, and unity.

The assembly served as an important reminder to the student body of their responsibility as the next generation, to stand firm against division and carry forward a message of harmony and discipline both within and beyond the walls of SSTPSR.









## PAF Commissioned Officer Induction — Career Counseling Session Held at SSTPSR

Students aspiring to serve in the Pakistan Air Force got a valuable opportunity as the school conducted an insightful career counseling session on joining the PAF as a Commissioned Officer. The session walked students through the induction process, eligibility criteria, and the promising opportunities that a career in the Air Force holds, equipping them with the guidance needed to take the right steps forward.



## SSTPSR Junior Team Made Its Mark at SMUN–VII, Cadet College Sanghar

The school proudly participated in SMUN–VII, held from 12th to 14th February at Cadet College Sanghar. The institution's Junior Team (Team B) took to the floor with confidence and diplomacy, holding their own among senior delegates from various institutions across the region. The team's performance throughout the three-day event was marked by remarkable growth, maturity, and a strong command of committee proceedings — a testament to the quality of preparation and dedication the students brought to the table.

The following students returned with well-earned recognition:

**Special Mention:** Noor Muhammad (PNA) | Kumail (UNHRC) | Zohaib (MOFA) | Shezil (MOFA)

**Honorary Mention:** Basit (UNHRC)

The closing ceremony was graced by AVM (R) Tahir Ranjha, Principal of SST Public School Rashidabad, who personally appreciated the students for their confident and outstanding performance, making the occasion all the more meaningful for the young delegates.










## Commerce Students Visited State Bank Museum and North Karachi Industrial Area

An educational trip was organized for the Commerce Group students, taking them to two significant destinations: the State Bank of Pakistan Museum, Art Gallery and the North Karachi Industrial Area offering them a firsthand look at the worlds of finance and industry. The visit provided students with practical insight into banking systems, financial operations, and industrial processes, bridging the gap between classroom knowledge and real-world application. The trip was supervised by Sir Faheem Hafeez and Sir Muhammad Faheem Akhtar, who ensured both discipline and meaningful engagement throughout the visit.









## The Principal Hosted Iftar Dinner for Final Year Students

In a heartfelt gesture, the Principal SSTPSR, AVM (R) Tahir Ranjha, hosted a special Iftar Dinner for the institution's Final Year Students, bringing the evening together in a spirit of warmth, gratitude, and shared memories as the students near the end of their journey at SSTPSR.





## Briefing Session on Emergency Evacuation and Fire Drill Conducted at SSTPSR

A briefing session on Emergency Evacuation, Safety, and Fire Drill was conducted to enhance awareness and preparedness among students and staff regarding safety procedures and emergency response. The session placed particular emphasis on discipline, coordination, and the importance of quick, composed action during emergency situations equipping participants with the knowledge and confidence to respond effectively when it matters most.










## Semi Final Term Students Hosted Iftar Dinner for the Principal and Faculty

In a gracious display of courtesy, respect, and discipline, the Semi Final Term students of SST Public School Rashidabad hosted a special Iftar Dinner in honor of the Principal, the Vice Principal, and members of the faculty. The evening was organized with commendable effort and care, reflecting the students' appreciation for their teachers and the bond that defines life at SSTPSR. From the arrangements to the conduct of the students throughout, the event carried a tone of genuine warmth and regard. The dinner concluded on a thoroughly positive note, leaving both students and faculty with a shared sense of goodwill and mutual respect, a fitting moment as the term draws closer to its end.







## New Batch of Yarians Joined the SST Family

The new academic year commenced at SSTPSR as the school welcomed a new batch of learners who have become part of SST family since 2026. It marks the beginning of a very crucial phase of the life of new Yarians who will enter into the premises of SST School as they make a pledge to become disciplined and honorable citizens. Group photographs of all Yarians belonging to different houses were clicked. These photos are not only to show a formal entry, but also the start of many lifelong friendships and opportunities awaiting the students in the upcoming days. The teachers and seniors eagerly await to guide them in maintaining the honor and dignity of SST.










## Colonel Nazar Hussain, a visionary leader

Colonel Nazar Hussain was not only an exceptional administrator and a visionary leader, but also a kind-hearted human being who truly cared for others. His sincere efforts in supporting welfare initiatives in Rashidabad such as the Rehana Nazar Squash Complex, the development of Deaf Reach, the swimming pool at SST Public School, and the education of many deserving students through scholarship programs reflect his deep commitment to service. Today, as we grieve his loss, we also remember him with immense respect and gratitude. His humility, generosity, and dedication have left a lasting impact on all who had the privilege to know him.

He will always remain a cherished part of SST Public School's legacy, and his life will continue to inspire us and future generations. May Allah grant him eternal peace, elevate his rank in Jannah, and give patience to all those he has left behind. Ameen.








# دی سپرٹ

شمارہ جنوری تا مارچ 2026

## نیوزلیٹر




# COLONEL NAZAR EDITION

ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

نگران: سعدیہ انیس (شعبہ اردو)

# کرنل نذر حسین (مرحوم) کے نام




قومیں اُن عظیم اور باکردار شخصیات کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں جو اعلیٰ سوچ، عزم اور بے لوث خدمات کے ذریعے ناممکن کو ممکن بنا دیتی ہیں۔ ایس ایس ٹی پبلک اسکول کے قیام اور ترقی کی داستان میں کرنل نذر حسین کا نام نہایت احترام اور عقیدت کے ساتھ لیا جاتا ہے، جنہوں نے سرگودھینز کے خواب کو حقیقت کا روپ دینے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ کرنل نذر حسین نے اپنی تعلیم پی اے ایف پبلک اسکول سرگودھا سے حاصل کی۔ جہاں وہ اس عظیم درسگاہ میں شمولیت اختیار کرنے والے اولین طلباء میں شامل تھے۔ بعد ازاں انہوں نے پاک فوج میں بطور کمیشنڈ آفیسر شمولیت اختیار کی اور اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نہایت دیانت داری اور وقار کے ساتھ ادا کرتے ہوئے کرنل کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد وہ کینیڈا منتقل ہو گئے، تاہم اپنی مادرِ علمی اور وطنِ عزیز سے ان کی محبت ہمیشہ برقرار رہی۔

سرگودھین اسپرٹ ٹرسٹ کے قیام کے ابتدائی مراحل میں، کرنل نذر حسین نے بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر غیر معمولی قیادت کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے نہ صرف اس منصوبے کو واضح سمت دی بلکہ انتھک محنت، عزم اور خلوص کے ساتھ اس کی تکمیل کے لیے بھرپور جدوجہد کی۔ ان کی قیادت میں ایک وسیع پیمانے پر فنڈ ریزنگ مہم کا آغاز کیا گیا، جس کے نتیجے میں خاطر خواہ مالی وسائل حاصل ہوئے، جن میں گورنر سندھ کی جانب سے نمایاں معاونت بھی شامل تھی۔

کرنل نذر حسین نے اس منصوبے کے ابتدائی خدوخال، منصوبہ بندی اور عملی اقدامات کی خود نگرانی کی، اور ایس ایس ٹی پبلک اسکول کو ایک تصور سے حقیقت میں ڈھالنے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ ان کی بصیرت افروز قیادت کے باعث 2002 میں اس عظیم تعلیمی ادارے کی بنیاد رکھی گئی، جو آج ملک کے ممتاز بورڈنگ اداروں میں شمار ہوتا ہے۔ وہ اس ادارے سے بے پناہ محبت رکھتے تھے اور اس کی ترقی کو اپنی ذاتی کامیابی سمجھتے تھے۔ سال 2025 میں اپنے آخری دورے کے دوران جب انہوں نے ایس ایس ٹی کو ایک کامیاب اور معروف تعلیمی ادارے کے طور پر دیکھا تو ان کی خوشی دیدنی تھی۔ یہ کامیابی درحقیقت ان کی اعلیٰ سوچ، محنت اور مستقل مزاجی کا عملی ثبوت ہے۔

کرنل نذر حسین نہ صرف ایک منتظم اور قائد تھے بلکہ ایک مخلص انسان دوست بھی تھے، جنہوں نے راشد آباد میں موجود مختلف فلاحی اداروں میں ہونے والی فلاحی سرگرمیوں اور سماجی خدمت میں بھرپور کردار ادا کیا۔ جن میں ریحانہ نظر اسکواش کمپلیکس، ڈیف ریچ کا تعمیراتی ڈھانچہ، ایس ایس ٹی پبلک اسکول کا سوئمنگ پول اور سکالرشپ پروگرام کے تحت ایس ایس ٹی اسکول میں تعلیم حاصل کرنے والے بہت سارے طلباء کے تعلیمی اخراجات کی دستیابی قابل ذکر ہیں۔ ان کی یہ خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کا مقصد آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہے گا۔ آج جب ہم ان کی رحلت پر رنجیدہ ہیں، تو ساتھ ہی ان کی لازوال خدمات، بلند کردار اور روشن خیالات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔

کرنل نذر حسین (مرحوم) ہمیشہ ایس ایس ٹی پبلک اسکول کی تاریخ کا ایک تابندہ باب رہیں گے اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ثابت ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمیں اُن کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق دے۔

آمین








## داخلہ امتحان کا انعقاد برائے سال 2026

ایس ایس ٹی پبلک اسکول کا داخلہ امتحان 2026 نہایت منظم، شفاف اور باوقار ماحول میں کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا، جو ادارے کی تعلیمی دیانت، مؤثر حکمتِ عملی اور اعلیٰ انتظامی معیار کا آئینہ دار ہے۔ یہ امتحان پاکستان بھر کے مختلف پی اے ایف سلیکشن مراکز، بشمول راولپنڈی، کوئٹہ، میانوالی، سکھر، نواب شاہ، کراچی اور ایس ایس ٹی پبلک اسکول راشد آباد میں منعقد ہوا۔

اس مقابلہ جاتی امتحان میں 800 سے زائد طلبہ نے شرکت کی، جو اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ ایس ایس ٹی پبلک اسکول ملک کے ممتاز اور باوقار بورڈنگ اداروں میں نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ امتحانی عمل کے دوران تجربہ کار اساتذہ اور تربیت یافتہ تکنیکی عملے نے نہایت ذمہ داری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ طلبہ کی رہنمائی کی، جس سے پورا نظام نہایت خوش اسلوبی سے پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

تحریری امتحان کے بعد انٹرویو کا مرحلہ بھی باقاعدہ اور منظم انداز میں جاری رہا، جو 10 فروری 2026 تک مکمل کیا گیا۔ کامیاب امیدواروں کو 29 مارچ 2026 کو ادارے میں شمولیت اختیار کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ یہ جامع اور شفاف انتخابی عمل اس حقیقت کی بھرپور عکاسی کرتا ہے کہ ایس ایس ٹی پبلک اسکول باصلاحیت، باکردار اور باوقار طلبہ کے انتخاب اور ان کی ہمہ جہت تربیت کے لیے اپنی روایات کو نہایت سنجیدگی اور وقار کے ساتھ برقرار رکھے ہوئے ہے۔









## یومِ یکجہتی کشمیر 2026

5 فروری 2026 کو ایس ایس ٹی پبلک اسکول میں یومِ یکجہتی کشمیر بھرپور قومی جذبے اور وقار کے ساتھ منایا گیا۔ اس دن کا مقصد مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار، ان کے حقِ خودارادیت کی حمایت اور عالمی سطح پر امن، انصاف اور انسانی حقوق کے تقاضوں کو اجاگر کرنا ہے۔

تقریب کے دوران طلبہ نے مختلف سرگرمیوں کے ذریعے اس اہم دن کے مختلف پہلوؤں کو نہایت مؤثر انداز میں پیش کیا۔ تقاریر، پریزنٹیشنز اور ملی نغموں کے ذریعے کشمیری عوام کی جدوجہد، قربانیوں اور ثابت قدمی کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ طلبہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ کشمیر کا مسئلہ صرف ایک خطے کا نہیں بلکہ انسانی حقوق اور انصاف کا عالمی مسئلہ ہے۔

محترم میر ادارہ نے اپنے خیالات میں اس دن کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے طلبہ کو آگاہ کیا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا رہا ہے اور رہے گا۔ انہوں نے نوجوان نسل کو یہ پیغام دیا کہ وہ شعور، علم اور ذمہ داری کے ساتھ اس مسئلے کو سمجھیں اور امن و انصاف کے قیام کے لیے مثبت کردار ادا کریں۔

یہ تقریب نہ صرف کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کا مظہر تھی بلکہ طلبہ میں قومی شعور، ہمدردی اور عالمی مسائل کے ادراک کو بھی فروغ دینے کا ذریعہ بنی۔








## تربیتی نشست کا انعقاد

ایس ایس ٹی پبلک اسکول میں بروز اتوار، 8 فروری 2026 کو دسویں، گیارہویں اور بارہوئیں جماعت کے طلبہ کے لیے ایک نہایت اہم اور بصیرت افروز تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیشن کے مہمانِ خصوصی اسکواڈرن لیڈر (ر) ڈاکٹر سید راحت علی تھے، جنہوں نے طلبہ کو تعلیمی رہنمائی، کیریئر پلاننگ اور زندگی کے مختلف پہلوؤں پر نہایت مدلل اور مؤثر انداز میں آگاہ کیا۔ اپنے خطاب میں معزز مقرر نے طلبہ کو محنت، نظم وضبط، خود اعتمادی اور واضح مقصد کے ساتھ آگے بڑھنے کی تلقین کی۔ انہوں نے موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق کیریئر کے انتخاب، جدید علوم کی اہمیت اور وقت کے مؤثر استعمال پر بھی روشنی ڈالی۔ مزید بر آں، انہوں نے اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے تجربات شیئر کرتے ہوئے طلبہ کو چیلنجز کا سامنا کرنے اور مستقل مزاجی کے ساتھ کامیابی کی جانب بڑھنے کا حوصلہ دیا۔

نشست کے اختتام پر سوال وجواب کا ایک دلچسپ اور معلوماتی سلسلہ بھی ہوا، جس میں طلبہ نے بھرپور شرکت کی اور اپنی الجھنوں کا تسلی بخش حل حاصل کیا۔ یہ نشست طلبہ کے لیے نہایت مفید ثابت ہوئی، جس نے ان کے علمی افق کو وسیع کیا اور انہیں مستقبل کے لیے بہتر منصوبہ بندی کی طرف راغب کیا۔ یہ نشست ایس ایس ٹی پبلک اسکول کے اس عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ طلبہ کو نہ صرف معیاری تعلیم فراہم کی جائے بلکہ انہیں عملی زندگی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مؤثر رہنمائی بھی دی جائے۔









## جماعت ہشتم کے طلبہ کا تعلیمی و تفریحی دورہ

ایس ایس ٹی پبلک اسکول کی جانب سے جماعت ہشتم کے طلبہ کے لیے ٹھٹھہ شہر کا ایک معلوماتی اور تفریحی تعلیمی دورہ منعقد کیا گیا، جس کا مقصد طلبہ کو عملی مشاہدے، تحقیق اور ثقافتی آگاہی کے مواقع فراہم کرنا تھا۔ یہ دورہ نہ صرف تعلیمی اعتبار سے اہم تھا بلکہ طلبہ کے لیے ایک یادگار تجربہ بھی ثابت ہوا۔

اس دورے کے دوران طلبہ نے بادشاہی مسجد (ٹھٹھہ)، دیبل سٹی، مکلی قبرستان اور کینجھر جھیل کا دورہ کیا۔ اساتذہ کی رہنمائی میں طلبہ کو ان تاریخی وثقافتی مقامات کی اہمیت، پس منظر اور تعمیراتی خصوصیات سے آگاہ کیا گیا۔ خاص طور پر مکلی قبرستان، جو دنیا کے بڑے تاریخی قبرستانوں میں شمار ہوتا ہے، نے طلبہ کی خصوصی توجہ حاصل کی، جبکہ کینجھر جھیل کے پُرسکون ماحول نے انہیں فطرت کے قریب ہونے کا موقع فراہم کیا۔

دورے کے دوران طلبہ نے نہ صرف اپنی درسی معلومات کو عملی مشاہدے سے جوڑا بلکہ باہمی تعاون، نظم وضبط اور سماجی شعور کا بھی مظاہرہ کیا۔ مجموعی طور پر یہ تعلیمی و تفریحی سرگرمی طلبہ کے لیے علم، مشاہدے اور خوشگوار یادوں کا حسین امتزاج ثابت ہوئی، جس نے ان کی ذہنی نشوونما اور ثقافتی فہم میں مثبت اضافہ کیا۔















## شاندار ضیافت

14 فروری کو ماہ جنوری کی بہترین جماعتوں (بیسٹ کلاس آف دی منتھ) کے اعزاز میں ایک پروقار ضیافت کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد منتخب جماعتوں کی شاندار کارکردگی، مثالی نظم و ضبط اور بہترین ٹیم ورک کو سراہنا تھا۔ اس موقع پر طلبہ کے لیے ایک شاندار ضیافت کا اہتمام کیا گیا، جس میں ان کی محنت، لگن اور مسلسل جدوجہد کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔

تقریب میں سینئر سرگودھین سر سید محمد انس اور ان کی زوجہ محترمہ مہر جمال انس (سابقہ نائب میر ادارہ) کی معزز موجودگی نے طلبہ کے حوصلے کو مزید بلند کیا اور انہیں مستقبل میں مزید بہتر کارکردگی دکھانے کی ترغیب دی۔ یہ تقریب نہ صرف کامیاب طلبہ کے لیے باعثِ افتخار بنی بلکہ دیگر طلبہ کے لیے بھی ایک مثبت پیغام ثابت ہوئی کہ مستقل مزاجی، نظم و ضبط اور باہمی تعاون کے ذریعے نمایاں کامیابیاں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اس نوعیت کی سرگرمیاں ادارے میں صحت مند مسابقت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ اعلیٰ کارکردگی کے کلچر کو بھی مضبوط بناتی ہیں۔








## اساتذہ کی تربیتی نشست

14 فروری کو اسکول کے ٹیچر ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ کے تحت اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید مؤثر بنانے اور تدریسی معیار کو بہتر کرنے کے لیے ایک جامع تربیتی سیشن منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام کا بنیادی مقصد اساتذہ کو جدید تدریسی طریقوں، مؤثر کلاس روم مینجمنٹ، طلبہ کی نفسیاتی ضروریات کے ادراک، امتحانات کی تیاری اور تدریسی عمل میں جدت پیدا کرنے کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔

تربیتی نشست کے دوران ماہر ٹرینرز نے اساتذہ کو فعال تدریسی حکمتِ عملیاں، تنقیدی و تخلیقی سوچ کو فروغ دینے کے طریقے، تشخیصی مہارتیں اور طلبہ کی شمولیت بڑھانے کے مؤثر انداز سے روشناس کروایا۔ مزید برآں، جدید تقاضوں کے مطابق ٹیکنالوجی کے استعمال اور تدریسی عمل میں اس کے مؤثر انضمام پر بھی خصوصی توجہ دی گئی۔ یہ تربیتی پروگرام اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ ایس ایس ٹی پبلک اسکول اساتذہ کی مسلسل پیشہ ورانہ ترقی کو ادارے کی کامیابی کی بنیاد سمجھتا ہے، کیونکہ ایک باصلاحیت اور تربیت یافتہ استاد ہی نئی نسل کی بہترین رہنمائی کر سکتا ہے اور ایک روشن مستقبل کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔





## رمضان المبارک میں افطار و عشائیہ




ماہِ رمضان المبارک کی برکتوں اور روحانیت کو اجاگر کرنے کے لیے ایس ایس ٹی پبلک اسکول کی انتظامیہ، بالخصوص سربراہِ ادارہ کی خصوصی توجہ سے، طلبہ، اساتذہ اور عملے کے اعزاز میں اجتماعی افطار و عشائیہ کا اہتمام نہایت خلوص اور وقار کے ساتھ کیا گیا۔ اس سلسلے میں اساتذہ اور بارہویں جماعت کے طلبہ کے لیے علیحدہ افطار و عشائیہ میر ادارہ کی رہائش گاہ پر منعقد کیے گئے، جہاں پرنسپل صاحب اور ان کی اہلیہ نے تمام مہمانوں کا نہایت محبت اور گرمجوشی سے استقبال کیا، جس سے ماحول خوشگوار اور گھریلو بن گیا۔




مزید برآں، انتظامی عملے کے لیے ایک خصوصی افطار و عشائیہ مینسا لان میں منعقد کیا گیا، جبکہ پورے ماہِ رمضان کے دوران تمام طلبہ کے لیے بھی اجتماعی افطار و عشائیہ کا باقاعدہ اور بہترین انتظام کیا گیا، جس نے باہمی اخوت، یکجہتی اور ادارہ جاتی وابستگی کے احساس کو مزید تقویت دی۔ ان تقاریب نے نہ صرف ادارے میں ایک خاندان جیسے ماحول کو فروغ دیا بلکہ اس حقیقت کو بھی اجاگر کیا کہ انتظامیہ اپنے طلبہ اور عملے کی فلاح و بہبود اور ان کے احساسِ تعلق کو کس قدر اہمیت دیتی ہے۔ تمام شرکاء نے ان مخلصانہ اقدامات کو بے حد سراہا اور اسے ایک یادگار اور بامقصد تجربہ قرار دیا۔ خصوصی طور پر، میر ادارہ کی جانب سے اُن طلبہ کے لیے عیدی کا اہتمام بھی کیا گیا جو دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے کے باعث اپنے گھروں کو روانہ نہ ہو سکے۔ یہ خوبصورت روایت ادارے کی انسان دوستی، ہمدردی اور اپنائیت کے جذبے کی عملی عکاسی کرتی ہے۔






## کیریئر کاؤنسلنگ سیشن — بحریہ یونیورسٹی




18 فروری 2026 کو اسکول میں بحریہ یونیورسٹی کے اشتراک سے جماعت دوازدہم کے طلبہ کے لیے ایک جامع اور معلوماتی کیریئر کاؤنسلنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیشن کا مقصد طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مختلف شعبہ جات، پیشہ ورانہ مواقع اور مستقبل کے درست انتخاب کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرنا تھا۔ سیشن کے دوران بحریہ یونیورسٹی کے ماہرین نے طلبہ کو مختلف اکیڈمک پروگرامز، داخلہ کے طریقہ کار، میرٹ اور اسکالرشپ کے مواقع کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔ مزید برآں، طلبہ کو ان کی دلچسپی، صلاحیتوں اور رجحانات کے مطابق درست شعبے کے انتخاب کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا، تاکہ وہ اپنے کیریئر کے حوالے سے باخبر اور مؤثر فیصلے کر سکیں۔




ماہرین نے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ابھرتے ہوئے شعبہ جات، پیشہ ورانہ مہارتوں، اور مستقبل کی جاب مارکیٹ کے رجحانات پر بھی روشنی ڈالی۔ سیشن کے اختتام پر سوال و جواب کا ایک مفید سلسلہ بھی منعقد ہوا، جس میں طلبہ نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنی رہنمائی حاصل کی۔ یہ سیشن طلبہ کے لیے نہایت سودمند ثابت ہوا، جس نے انہیں اپنی تعلیمی و پیشہ ورانہ سمت کا تعین کرنے میں اعتماد اور وضاحت فراہم کی۔ اس نوعیت کی سرگرمیاں ایس ایس ٹی پبلک اسکول کے اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ طلبہ کو نہ صرف معیاری تعلیم دی جائے بلکہ انہیں ایک روشن اور کامیاب مستقبل کے لیے مکمل رہنمائی بھی فراہم کی جائے۔




## قیادت اور ذمہ داری کا آغاز

16 مارچ 2026 کو اکیسویں انٹری کے نومنتخب ڈورم کیپٹنز نے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں، جو قیادت، نظم وضبط اور عزم کی عملی تصویر پیش کر رہے ہیں۔ ان کی تقرری کا بنیادی مقصد نئے داخل ہونے والے طلبہ کی رہنمائی اور انہیں بورڈنگ کے ماحول سے ہم آہنگ کرنے میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ آئندہ دو ماہ کے دوران یہ ڈورم کیپٹنز نئے طلبہ کو نہ صرف روزمرہ معمولات، نظم وضبط اور ادارہ جاتی اقدار سے روشناس کروائیں گے بلکہ ان کی تعلیمی اور سماجی ہم آہنگی میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ ان کی رہنمائی کے ذریعے نئے طلبہ کو خود اعتمادی، ذمہ داری اور باہمی تعاون کے جذبے کو فروغ دینے کا موقع ملے گا۔ یہ تقرری اس امر کی عکاس ہے کہ ایس ایس ٹی پبلک اسکول طلبہ میں قیادت کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں عملی ذمہ داریاں سونپ کر مستقبل کے مؤثر قائدین تیار کرنے پر یقین رکھتا ہے۔











## ایمرجنسی انخلا، حفاظتی اقدامات اور فائر ڈرل

ایس ایس ٹی پبلک اسکول میں 08 مارچ 2026 کو "ایمرجنسی انخلا، سیفٹی اور فائر ڈرل" کے موضوع پر ایک جامع بریفنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد طلبہ، اساتذہ اور عملے میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے شعور، تیاری اور ذمہ داری کے احساس کو فروغ دینا تھا۔ سیشن میں شرکاء کو ایمرجنسی کی صورت میں محفوظ انخلا کے طریقہ کار، ہنگامی راستوں کے استعمال، الارم سسٹم، اور ابتدائی حفاظتی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر نظم وضبط، باہمی ہم آہنگی اور فوری ردِ عمل کی اہمیت پر خصوصی زور دیا گیا تاکہ کسی بھی غیر متوقع صورتحال میں مؤثر اور محفوظ انداز میں کارروائی کی جا سکے۔ مزید برآں، طلبہ اور عملے کو یہ بھی سکھایا گیا کہ گھبراہٹ سے بچتے ہوئے کس طرح مرحلہ وار اقدامات کے ذریعے خود کو اور دوسروں کو محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔ بعد ازاں، 16 مارچ 2026 کو اس بریفنگ کا عملی مظاہرہ کیا گیا، جس میں تمام طلبہ، اساتذہ اور عملے نے بھرپور شرکت کی اور فائر ڈرل کے ذریعے انخلا کے طریقہ کار کو عملی طور پر دہرایا۔ آخری مرحلے میں ایس ایس ٹی کی فائر فائٹنگ ٹیم نے کرنل ذکاء اللہ اسٹیڈیم میں مختلف ہنگامی حالات میں آگ پر قابو پانے کے عملی طریقے، فائر ایکسٹنگوئشر کے درست استعمال، اور ریسکیو اقدامات کا مفصل مظاہرہ پیش کیا۔ یہ تربیتی سرگرمی ادارے کے اس عزم کی عکاس ہے کہ طلبہ اور عملے کو نہ صرف تعلیمی میدان میں بلکہ حفاظتی شعور اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی عملی مہارتوں سے بھی آراستہ کیا جائے، تاکہ وہ ہر قسم کی صورتحال میں بااعتماد اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کر سکیں۔

















# ایک عظیم شخصیت کو خراجِ عقیدت

ایس ایس ٹی پبلک اسکول کے لیے یہ ایک انتہائی افسوسناک لمحہ ہے کہ ادارے کے بانی اراکین میں شامل کرنل نذر حسین اس دارِ فانی سے رخصت ہو گئے۔ مرحوم ان شخصیات میں سے تھے جن کی بصیرت، عزم اور انتھک محنت نے ایس ایس ٹی کے قیام اور ترقی میں بنیادی کردار ادا کیا۔

کرنل نذر حسین کی دوراندیش قیادت اور خلوصِ نیت نے نہ صرف ادارے کی مضبوط بنیاد رکھی بلکہ اسے ایک معیاری تعلیمی ادارے کے طور پر پروان چڑھانے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کا وژن آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہے گا۔

ادارہ ان کی گراں قدر خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل نصیب فرمائے۔
آمین
















